# 7th India – Indonesia Foreign Office Consultations

April 14, 2022

## ہندوستان - انڈونیشیا کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق ساتویں مشاورت

14 اپریل، 2022

ہندوستان- انڈونیشیا کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا ساتواں دور 14 اپریل 2022 کو جکارتہ، انڈونیشیا میں منعقد ہوا۔ اس میٹنگ کی مشترکہ صدارت ہندوستان کی وزارت خارجہ کے سکریٹری (مشرق) سوربھ کمار اور انڈونیشیا کی وزارت خارجہ کے ایشیا پیسفک اور افریقہ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبد القادر جیلانی نے کی۔ دفتر خارجہ کی آخری مشاورت ورچوئل طریقے سے 25 جون 2021 کو ہوئی تھی۔

2۔ دونوں وفود نے ہند- بحر الکاہل میں زیادہ سے زیادہ بحری تعاون کی ضرورت پر زور دیا، اور ہندوستان- انڈونیشیا جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو مضبوط کرنے کے لیے اپنی مسلسل وابستگی پر زور دیا۔ انہوں نے اپنے مجموعی دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا، جس میں سیاسی تبادلے، دفاعی اور سیکورٹی تعاون، تجارتی اور اقتصادی معاملات اور قونصلر امور شامل ہیں۔ دونوں فریقین نے انڈمان اور نکوبار جزائر اور صوبہ آچے کے درمیان رابطوں کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ لوگوں کے تبادلے اور ثقافتی تعاون کو بڑھانے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے حالیہ علاقائی اور عالمی پیشرفت، اور جی 20 کے اندر تعاون، آسیان فریم ورک، ہند- بحر الکاہل اوقیانوس اقدام اور ہند- بحر الکاہل پر آسیان آؤٹ لک پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ سکریٹری (مشرق) نے انڈونیشیا کو انٹرنیشنل سولر الائنس اور کولیشن فار ڈیزاسٹر ریزیلینٹ انفراسٹرکچر میں شامل ہونے کی بھی دعوت دی۔

3۔ مذاکرات دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئے۔ ہندوستان میں مشاورت کا اگلا دور باہمی طور پر مناسب وقت پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

**نئی دہلی**

**14 اپریل، 2022**

**DISCLAIMER:** This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.